© rasailojaraid.com



## ۵ معراج المومنین [کتاب الصلوٰۃ] از اشفاق الرحمٰن خان

صفحات ۱۷۷ ...... اکتوبر ۲۰۰۰ء

توحید کے بعد اسلام کا سب سے اہم اور عظیم الشان رکن نماز ہے اور نماز مؤمن کی معراج ہے۔ لیکن وہ نماز ہی حقیقی معنوں میں مؤمن کے لئے معراج ثابت ہوگی جو صلوا کما رأیتمونی أصلی کی عملی تصویر ہوگی، وگرنہ یہی نماز روزِ قیامت انسان کے منہ پر ماردی جائے گی۔ روایت ہے کہ حضرت مغیرہؓ بن شعبہؓ نے ایک شخص کو نماز پڑھتے ہوئے دیکھا تو پوچھا کب سے یہ نماز پڑھ رہے ہو؟ اس نے کہا: چالیس سال سے، فرمایا: "ما صلیت لومُتَّ لمُتَّ علی غیر أمة محمد ﷺ"

''تیری نماز نہیں ہوئی، اگر تو اسی پر فوت ہوگیا تو تیری موت محمد ﷺ کے دین پر نہیں ہوگی۔''

زیرتبصرہ کتاب نماز کے موضوع پر ہے جسے جناب اشفاق الرحمٰن خان نے مرتب کیا ہے۔ فاضل مؤلف اپنے دل میں دین کی خدمت کا جذبہ رکھتے ہیں اور ان کی یہ کتاب نماز کے موضوع پر ایک بہترین کاوش ہے جس میں فاضل مصنف نے نماز اور اس کے متعلقہ طہارت، غسل وغیرہ تمام مسائل کو نہایت ہی عمدہ ترتیب کے ساتھ جمع کردیا ہے۔ زبان سلیس اور اسلوبِ تفہیم سادہ اور سہل ہے۔ مصنف نے اختلافی مباحث سے بچنے کی ہر ممکن کوشش کی ہے اور اپنی ذاتی رائے بیان کرنے کی بجائے ہر مسئلہ کے تحت اس سے متعلقہ صحیح احادیث کے ذکر پر اکتفا کیا ہے، تاکہ قاری خود فیصلہ کرے کہ کیا صحیح ہے اور کیا غلط؟ اکثر بخاری اور مسلم کی احادیث سے استدلال کیا گیا ہے۔ احادیث کا ترجمہ سلیس اور عام فہم ہے، اگرچہ بعض جگہ ابہام کی شکایت محسوس ہوتی ہے۔ بعض مقامات پر حدیث سے مستنبط مسائل کو نہایت خوبی سے بیان کیا گیا ہے اور تقریباً نماز کے متعلقہ تمام مسائل کو اجاگر کرکے زیورِ احادیث سے آراستہ کردیا ہے۔

فاضل مصنف کو چاہئے تھا کہ وہ پہلے کتاب کو ابواب پر تقسیم کرتے، پھر ہر باب کے متعلقہ مسائل اس کے تحت ذیلی ترتیب سے رقم کرتے تاکہ قاری کے لئے مزید آسانی پیدا ہوتی۔ مصنف نے کتاب کو ۶۹ عنوانات پر تقسیم کیا ہے۔ بہرحال عنوانات کی ترتیب نہایت عمدہ ہے۔ سب سے پہلے احادیث اور اقوال ائمہ اربعہ سے یہ ثابت کیا ہے کہ رسول اللہ ﷺ ہی مطاعِ حقیقی ہیں اور رسول اللہ ﷺ کے مقابلے میں کسی کی بات حجت نہیں ہوسکتی۔ اس کے بعد قرآن مجید سے نمازِ پنجگانہ کا ثبوت ذکر کیا ہے۔ پھر پانی کے احکام اور مسائل طہارت (وضو، غسل تیمّم) کا تذکرہ ہے۔ اس کے بعد نماز کی اہمیت، اوقات، اذان کی تفصیلات کا ذکر ہے۔ پھر مسجد کے آداب و مسائل کا تذکرہ ہے۔ پھر نمازِ پنجگانہ کی جماعت کی فضیلت اور اس سے متعلقہ احکام تعداد رکعات، شرائطِ نماز اور نماز کی ترکیب کو نہایت تفصیل سے بیان کیا ہے۔ اس سے پہلے سترہ کے احکام بیان کئے ہیں۔

www.KitaboSunnat.com

© rasailojaraid.com



فرض نماز کی مفصل ترکیب کے بعد نمازِ وتر، قنوتِ نازلہ اور نمازِ تہجد پھر نمازِ تراویح، اس کے بعد نمازِ جمعہ کی تفصیلات کا ذکر ہے۔ پھر مسافر، عورت، مریض کی نماز کے احکام ذکر کئے ہیں۔ اس کے بعد نفلی نمازوں، عیدین، استسقاء، اشراق وغیرہ کا تفصیل سے ذکر ہے۔

کتاب میں بعض تسامحات بھی ہیں۔ مثال کے طور پر فاضل مصنف نے چھ کلمات کا ذکر کیا ہے:
حالانکہ حدیث میں کلمہ طیبہ لاالٰہ الا اللہ کا ثبوت ہے یا ایک صحابی سے یہ الفاظ ثابت ہیں: أشهد أن لا إله إلا الله و أشهد أن محمد رسول الله ﷺ رہے باقی کلمات تو انہیں کلمہ توحید، تمہید، استغفار اور ردّ کفر وغیرہ کا نام دینا ثابت نہیں اور نہ ہی اوّل، دوم، سوم وغیرہ کی اصطلاح کا کہیں وجود ہے۔ انہیں زیادہ سے زیادہ اَدعیہ کا نام دیا جاسکتا ہے۔ وہ بھی اس وقت جب ان کی صحت ثابت ہو جائے۔ انہیں چھ کلموں پر محصور کرنا اور پھر ان کے ساتھ مذکورہ اصطلاحات کا لاحقہ لگانا بدعت کے زمرہ میں آتا ہے۔ اس تسامح کے باوجود مجموعی لحاظ سے کتاب کی عمدگی کا اعتراف نہ کرنا بخل ہوگا۔

اعلیٰ کاغذ، عمدہ کمپوزنگ، دیدہ زیب پرنٹنگ نے کتاب کو اور زیادہ جاذبِ نظر بنا دیا ہے۔ اس لحاظ سے کتاب کی اہمیت اور بھی بڑھ جاتی ہے کہ اس پر نظر ثانی کا کام جامعہ لاہور الاسلامیہ کے نائب شیخ الحدیث مولانا محمد رمضان سلفی اور مصنف کتبِ کثیرہ مولانا عبدالجبار سلفی نے کیا ہے۔ (مبصر: محمد اسلم صدیق)


خوشخبری — ضیاء الکلام — خوشخبری

نعمانی کتب خانہ، اردو بازار لاہور کی طرف سے اردو دینی ادب میں ایک رہنما کتاب کا اضافہ

ضیاء الکلام شرح عمدۃ الاحکام

ترجمہ و تفہیم: مولانا محمود احمد غضنفر

☆ صحیح احادیث کا دیدہ زیب انتخاب ☆ متفق علیہ روایات کا بیش قیمت خزینہ

☆ دینی مسائل و احکام کا قیمتی ذخیرہ ☆ ہر حدیث حوالے سے آراستہ و پیراستہ

☆ متن الحدیث، معنی الحدیث، مفہوم الحدیث، مفردات الحدیث، احکام الحدیث جیسے عنوانات سے مزین

☆ احادیث کا سلیس اور رواں دواں ترجمہ ☆ مشکل الفاظ کی عام فہم تشریح اور دلکش ترتیب

ہر گھر کی ضرورت اور ہر لائبریری کی زینت خود بھی پڑھیں، اور دوسروں کو بھی ترغیب دیں

نعمانی کتب خانہ: حق سٹریٹ، اردو بازار، لاہور فون 7321865


www.KitaboSunnat.com